## ایم کیوایم کے تمام ذمہ دار اور منتخب نمائندے شہر کے امن واستحکام کی خاطر تصادم، کھچاؤ اور تناؤ کی سیاست سے ہر قیمت پر گریز کریں۔الطاف حسین

## عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے بہتر تعلقات اور ہم آہنگی پیدا کریں

## تمام لسانی وثقافتی گروہوں سے بھی اچھے تعلقات قائم کئے جائیں اور اتحاد و بھائی چارے کی فضاء کو پروان چڑھایا جائے

## امن کی خاطر عوامی نیشنل پارٹی سمیت کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے بات چیت کیلئے پہل کرنے میں شرمندگی محسوس نہ کریں۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلیفون پر بات چیت

لندن۔۔۔7 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں، ذمہ داروں اور منتخب نمائندوں سے کہا ہے کہ وہ شہر کے امن واستحکام کی خاطر عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے بہتر تعلقات اور ہم آہنگی پیدا کریں اور تصادم، کھچاؤ اور تناؤ کی سیاست سے ہر قیمت پر گریز کریں۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک جن نازک حالات سے دوچار ہے ان کے پیش نظر تصادم اور محاذ آرائی کی سیاست کسی بھی طرح ملک اور جمہوریت کے مفاد میں نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی سے کہا کہ گزشتہ دنوں اے این پی اور ایم کیوایم کے درمیان پیدا ہونے والے تناؤ کو بھی ختم کیا جائے اور ایم کیوایم کے ذمہ داران شہر کے امن خاطر عوامی نیشنل پارٹی سمیت کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے بات چیت کیلئے پہل کرنے میں شرمندگی محسوس نہ کریں اور افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح تمام لسانی وثقافتی گروہوں سے بھی اچھے تعلقات قائم کئے جائیں اور اتحاد و بھائی چارے کی فضاء کو پروان چڑھایا جائے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داروں کو تلقین کی کہ افہام وتفہیم کی فضاء کو پروان چڑھانے کیلئے ایم کیوایم کے خلاف کسی بھی سیاسی یا مذہبی رہنما کے اشتعال انگیز بیان کے جواب میں تند وتیز لہجہ اختیار کرنے کے بجائے صبر وتحمل سے کام لیا جائے،اسی طرح حکومت کی جانب سے بھی ہونے والی تلخی کے جواب میں تلخی کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور امن کی خاطر تصادم، کھچاؤ، تناؤ اور محاذ آرائی کی سیاست سے ہر قیمت پر گریز کیا جائے۔انہوں نے رابطہ کمیٹی سمیت تمام ذمہ داروں اور منتخب نمائندوں اور کارکنوں سے کہا کہ وہ شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔انہوں نے منتخب نمائندوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## اجمل خٹک باچاخان کے سچے پیروکار اور امن کے پیامبر تھے،الطاف حسین

## اجمل خٹک کے انتقال سے سیاست کے میدان میں پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا

## افہام وتفہیم اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے ان کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی

## اے این پی کے سینئر رہنماء اجمل خٹک کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔7 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر اور بزرگ رہنماء اجمل خان خٹک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اجمل خٹک باچاخان کے سچے پیروکار اور امن کے پیامبر تھے اور پاکستان کی سیاسی تاریخ میں امن، افہام وتفہیم اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے ان کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اجمل خٹک سینئر سیاسی رہنماء اور مشفق بزرگ تھے جنہوں نے اپنی تمام زندگی سیاسی جدوجہد اور عوام کی خدمت میں گزاری اور اجمل خٹک کے انتقال سے سیاست کے میدان میں پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا۔جناب الطاف حسین نے اجمل خٹک کے انتقال پر اے این پی کے رہنماؤں اور کارکنوں سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اجمل خٹک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## الطاف حسین کی اسفندیار ولی سے فون پر گفتگو، اے این پی کے رہنما اجمل خٹک کے انتقال پر دلی تعزیت کی

## اجمل خٹک، باچہ خان کے سچے پیروکار اوران کے نقش قدم پر چلنے والے عملی رہنما تھے، الطاف حسین

## الطاف حسین نے کراچی میں ہونے والے واقعات میں اے این پی کے کارکنوں اور دیگر پختونوں کی شہادت پر بھی تعزیت کی

## آپ ایک قدم آگے بڑھائیں گے تو ہم پانچ قدم آگے بڑھائیں گے۔اسفندیار ولی

## ہمیں آپس میں لڑائی سے گریز کرنا چاہیے اور تمام تر معاملات اوراختلافات کوافہام وتفہیم سے حل کرنا چاہیے۔اسفندیار ولی

## الطاف حسین اوراسفندیار ولی کا ایم کیوایم اوراے این پی کے درمیان بہتر تعلقات کے قیام اور ملک میں افہام وتفہیم کی فضاء کوفروغ دینے کیلئے مشترکہ کوششیں کرنے پر اتفاق

لندن۔۔۔ 7 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اسفندیار ولی کوفون کر کے ان سے اے این پی کے بزرگ رہنما اجمل خٹک کے انتقال پر دلی تعزیت کی ۔اسفندیار ولی سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ اجمل خٹک ایک بزرگ رہنما تھے اوران کی پوری زندگی اصولوں کیلئے جدوجہد میں گزری، وہ باچہ خان کے سچے پیروکار اوران کے نقش قدم پر چلنے والے عملی رہنما تھے،ان کے انتقال سے ملک ایک اصول پسند رہنما سے محروم ہوگیا ہے۔جناب الطاف حسین نے اسفندیار ولی سے کہا کہ اجمل خٹک مرحوم سے ان کا قریبی تعلق رہا ہے،ان کے انتقال سے انہیں ذاتی طور پر بہت دکھ ہوا ہے اور وہ اے این پی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اسفندیار ولی نے تعزیت کرنے پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا اوران سے کہا کہ اجمل خٹک جدوجہد کرنے والے رہنما تھے اور آپ چونکہ خود جدوجہد سے گزر رہے ہیں اسلئے آپ اجمل خٹک صاحب کو بہتر سمجھ سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان جیسے رہنما ملک میں ہوں تو ملک کے مسائل حل ہوجائیں۔جناب الطاف حسین نے اسفندیار ولی سے کراچی کی صورتحال پر بھی گفتگو کی اور گزشتہ دنوں کراچی میں ہونے والے واقعات میں اے این پی کے کارکنوں اور دیگر پختونوں کی شہادت پر بھی تعزیت کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے کہا ہے کہ اے این پی سمیت تمام جماعتوں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کئے جائیں اور افہام وتفہیم کی فضاء کے قیام کیلئے اے این پی سمیت کسی بھی جماعت سے بات چیت میں پہل کرنے میں شرمندگی محسوس نہ کریں۔اسفندیار ولی نے جناب الطاف حسین کے خیالات کوانتہائی خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ آپ ایک قدم آگے بڑھائیں گے تو ہم پانچ قدم آگے بڑھائیں گے۔اسفندیار ولی نے کہا کہ سازشی عناصر ہمیں آپس میں لڑانے کی چاہے جتنی بھی کوشش کریں لیکن ہمیں آپس میں لڑائی سے گریز کرنا چاہیے اور تمام تر معاملات اوراختلافات کوافہام وتفہیم سے حل کرنا چاہیے۔دونوں رہنماؤں نے ایم کیوایم اوراے این پی کے درمیان بہتر تعلقات کے قیام اور ملک میں افہام وتفہیم کی فضاء کوفروغ دینے کیلئے مشترکہ کوششیں کرنے پر اتفاق کیا۔

## اے این پی کے بزرگ رہنما اجمل خٹک کے انتقال پر انکے صاحبزادے ایمل خٹک سے الطاف حسین کی فون پر تعزیت

## مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ایمل خٹک سے الطاف حسین کی گفتگو

لندن۔۔۔ 7 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے سابق سیکریٹری جنرل اور بزرگ رہنما اجمل خٹک کے انتقال پر انکے صاحبزادے ایمل خٹک سے فون پر تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے ایمل خٹک سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اجمل خٹک ایک بڑے سیاسی رہنما تھے اوران کے انتقال سے مجھے دلی صدمہ پہنچا ہے۔انہوں نے ایمل خٹک سے کہا کہ آپکے والد کے انتقال پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اجمل خٹک کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام اہل خانہ کوصبر جمیل عطا کرے۔ایمل خٹک نے تعزیت وہمدردی پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم نے اجمل خٹک کے انتقال پر تین روزہ سوگ کی حمایت کا اعلان کردیا

## ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان تین روزہ سوگ منا کر اے این پی کے رہنماؤں، کارکنوں اور مرحوم کے دیگر سوگوران سے دلی یکجہتی کا اظہار کریں

کراچی۔۔۔7 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر اور بزرگ رہنماء اجمل خان خٹک کے انتقال پر اے این پی کی جانب سے تین روزہ سوگ کے اعلان کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ اجمل خان خٹک کے تین روزہ سوگ منا کر اے این پی کے رہنماؤں، کارکنوں اور مرحوم کے دیگر سوگوران سے دلی یکجہتی کا اظہار کریں۔

## عوام اور کارکنان جناح اسپتال کے باہر بم دھماکے میں شدید زخمی ہونے والے حق پرست کونسلر نور علی کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔7،فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شہدائے کربلا کے چہلم کے موقع پر جناح اسپتال کے باہر بم دھماکے میں شدید زخمی ہونے والے صدر ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست کونسلر نور علی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ نور علی کی جلد صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## سانحہ شہدائے کربلا کے چہلم پر ہونیوالے بم دھماکوں میں شہید افراد کے ایصال ثواب کیلئے

## کراچی سمیت ملک بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت قرآن خوانی فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے

## شہید ہونے والے حق پرست یوسی ناظم خلیل اور کارکنان کے سوئم کے اجتماعات میں رابطہ کمیٹی، سٹی ناظم، ارکان اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔7،فروری 2010ء

جمعہ کو شاہراہ فیصل اور جناح اسپتال کے باہر بم دھماکوں میں شہید ہونے والے عزاداران حسین، شہریوں اور ایم کیوایم کے کارکنان کے ایصال ثواب کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے۔اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، شاہد لطیف، کنور خالد یونس، آنسہ ممتاز انوار، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، نیک محمد، اشفاق منگی، حق پرست وزراء، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، مختلف مسالک کی انجمنوں کے رہنماؤں، عہدیداران، ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے اراکین، سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر مولانا سعید قمر قاسمی نے اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی، کراچی سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے خاتمے، ملک کی ترقی وخوشحالی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے قبرستان جا کر شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے شہداء کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خونی بھی کی۔دریں اثناء جناح اسپتال میں بم دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے صدر ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست ناظم محمد خلیل ولد ہاشم کا سوئم شہید کی رہائشگاہ واقع دہلی کالونی ڈیفنس میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، شاہد لطیف، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، حق پرست وزراء، حق پرست ارکان اسمبلی، صدر ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد دلاور، یوسی ناظمین، سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے شرکت کی جبکہ بم دھماکے میں شہید ہونے والے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے کارکنان کریم ولد حکیم الدین، محمد شفیع الدین ولد عمر الدین، غلام مرتضیٰ ولد مستقیم عباسی، جمیل ولد حسن رضا خان، محمد کاشف ولد محمد حسین اور شاہد ولد بشیر کے سوئم کے اجتماعات مقامی مساجد میں منعقد ہوئے جن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، توصیف خانزادہ، حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہیداء کے عزیز واقارب شریک ہوئے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا، شہداء کے بچوں کو پیار کیا اور سوگواران کو صبر کی تلقین کی۔

## ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے کارکن غلام فرید اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن امیر حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔7،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لوئر پنجاب زون ضلع مظفر گڑھ تحصیل کوٹ ادو کے کارکن غلام فرید اور ایم کیوایم ایلڈر ز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن امیر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جعفریہ الائنس کے سربراہ علامہ عباس کمیلی کی سربراہی میں وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## وفد نے بم دھماکے میں ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

## کارکنان نے عزاداروں کی زندگی بچانے کیلئے اپنی زندگی کا نذرانہ پیش کیا،علامہ عباس کمیلی

کراچی۔۔۔07فروری2010ء

جعفریہ الائنس کے سربراہ علامہ عباس کمیلی کی سربراہی میں جعفریہ الائنس کے وفد نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور نیک محمد سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔جعفریہ الائنس کے وفد میں مولانا اظہر حسین نقوی،علامہ اطہر حسین مشہدی،مولانا باقر حسین زیدی،علامہ جعفر حسین نقوی،اطہر عباس زیدی،سعید حیدر زیدی،حسن مہدی حیدری (اسکواٹس )اور سید صغیر حسین بھی موجود تھے۔وفد نے جناح اسپتال کے باہر بم دھماکہ میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے حق پرست یوسی ناظم اور کارکنان کیلئے فاتحہ خوانی کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ الطاف حسین نے ہمیشہ عملیت پسندی کا ثبوت دیا۔انہوں نے کہا کہ کارکنان نے عزاداروں کی زندگی بچانے کیلئے اپنی زندگی کا نذرانہ پیش کیا،اہل تشیع ایم کیوایم کی عظیم خدمت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کا ساتھ دینے پر جعفریہ الائنس کے وفد کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد، جوائنٹ انچارج سلیم اختر اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے کارکن غلام فرید اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن امیر حسین انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لوئر پنجاب زون ضلع مظفر گڑھ تحصیل کوٹ ادو کے کارکن غلام فرید اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن امیر حسین انتقال کر گئے۔تفصیلات کے مطابق غلام فرید مرحوم دل کے عارضے میں مبتلا تھے اور انہیں گزشتہ روز دل کا شدید دورہ پڑا جس کے باعث وہ جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے جبکہ امیر حسین مرحوم سینے کے انفیکشن میں مبتلا تھے جس کے باعث ان کی طبیعت گزشتہ روز زیادہ خراب ہوگئی اور وہ انتقال کر گئے۔غلام فرید مرحوم کی عمر 60 سال تھی ان کے سوگواران میں ایک بیٹا 3 بیٹیاں شامل ہیں اور امیر حسین مرحوم کی عمر 77 سال تھی اور ان کے سوگاوران میں بیوہ، پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے غلام فرید اور امیر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## باشعور طلبہ ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، آصف حسنین
## اے پی ایم ایس او ایس ایم لاء کالج میں بُک فیئر کی اختتامی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔7،فروری،2010ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین نے کہا ہے کہ تعلیم کے حصول سے ہی طلباء مستقبل میں ملک کی تعمیر وترقی میں بہتر اور اہم کردار ادا کر سکتے اور تعلیم کو عام کرنے کیلئے اے پی ایم ایس او کی نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں نا قابل فراموش ہیں انہیں وقتاً فوقتاً جاری رہنا چاہیئے۔ یہ بات انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن ایس ایم لاء یونٹ سیکٹر ای کے تحت بُک فیئر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اختتامی تقریب میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس، سیکٹر ای اور ایس ایم لاء یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت اساتذہ کرام طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی آصف حسنین نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ پر مبنی ایک درسگاہ ہے جہاں سے نکلنے والے طلبہ نے ملک کے ایوانوں میں ہلچل مچادی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب سے بُک فیئر کا انعقاد قابل تعریف ہے اس طرح کی سرگرمیوں سے طلبہ میں مثبت رجحان پیدا ہوگا وہ آگے چل کر ملک کی بہتر انداز میں خدمت کرسکیں گے۔ آصف حسنین نے اے پی ایم ایس او کی جانب سے اس شاندار بُک فیئر کے انعقاد پر ایس ایم لاء یونٹ وسیکٹر ای کی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت کالج کے پرنسپل وانتظامیہ اور طلبہ وطالبات کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے اس صحت منداقدام کو کالج کے پرنسپل ودیگر اور انتظامیہ طلبہ وطالبات نے سراہاتے ہوئے اپنی نیک خواہشات سے اے پی ایم ایس او کے کارکنان کی حوصلہ افزائی بھی کی ہے۔ بُک فیئر کے آخری روز کالج کے طلبہ وطالبات واساتذہ کرام کی جانب سے بُک فیئر کے دوران انتہائی گہما گہمی اور دلچسپی نظر آئی۔ بُک فیئر میں قانون کی تعلیم حاصل کرنیوالے طلبہ کیلئے قانون کی نادر کتابیں انتہائی رعائتی قیمتوں میں فروخت کی گئیں جوکہ طلبہ وطالبات کیلئے اے پی ایم ایس او کی جانب سے تعلیمی عمل میں معاونت کا ذریعہ ثابت ہوں گی۔

## جناح پوسٹ گریجویٹ اسپتال کی دوبارہ تعمیرنو، سہولیات، ہیومن ریسورسز اور سیکورٹی کیلئے سینیٹ کی تین رکنی کمیٹی تشکیل دیدی گئی
## کمیٹی کے چیئر مین حق پرست سینیٹر اے عبدالحسیب ہوں گے

اسلام آباد۔۔۔7،فروری2010ء

جناح پوسٹ گریجویٹ اسپتال کی دوبارہ تعمیرنو، سہولیات، ہیومن ریسورسز اور سیکورٹی کیلئے سینیٹ کی تین رکنی کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے۔JPMC کیلئے سینیٹ کی تشکیل کردہ کمیٹی کے مطابق چیئر مین حق پرست سینیٹر اے عبدالحسیب ہوں گے جبکہ اراکین میں دیگر سینیٹرز بھی شامل ہیں۔

## گجرات (پنجاب) کے گاؤں سریا میں دوگروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ہلاکتوں پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔07فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گجرات (پنجاب) کے گاؤں سریا میں پرانی دشمنی کی بنا پر دوگروپوں کے درمیان ہونے والے تصادم اور اس کے نتیجے میں 15 قیمتی جانوں کی ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں حق پرست اارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ پرانی دشمنی پر ہونے والے تصادم اور اسکے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتیں انتہائی قابل مذمت ہیں اور اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔ ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب حکومت اور گاؤں کے عمائدین اس پرانی دشمنی کے خاتمہ کیلئے اپنا مصالحتی کردار ادا کریں بصورت دیگر مستقبل میں بھی خدانخواستہ مزید جانوں کے ضائع ہونے کا خدشہ موجود ہے۔ ارکان قومی اسمبلی مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔ انہوں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## دہشت گرد جن عناصر کی پناہ میں موجود ہیں انہیں بھی دہشت گرد سمجھا جائے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## بم دھماکے دہشت گردی کے خلاف عوام میں پائے جانے والے حوصلوں کو ہرگز پست نہیں کرسکتے

## سفاک یزیدی دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کرنا وقت اور حالات کا تقاضا ہے

کراچی۔۔۔07فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں شہدائے کربلا کے چہلم کے موقع پر ہونیوالے بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بم دھماکے دہشت گردی کے خلاف عوام میں پائے جانے والے حوصلوں کو ہرگز پست نہیں کرسکتے اور نہ ہی دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کی تکمیل میں مزید کامیاب ہوسکتے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یزیدی دہشت گردوں نے چہلم کے موقع پر بم دھماکے کرکے ظلم و بربریت کے دور کو تازہ کردیا ہے اور شہر میں بم دھماکے کرکے کھلا اعلان جنگ کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں میں معصوم عزاداران حسینؑ سمیت ایم کیوایم کے 7 کارکنان کی شہادت اور مسیحی برادری کے لوگوں کی ہلاکتیں اس بات کا ثبوت ہے کہ یزیدی دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے اور وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے سفاک یزیدی دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کرنا وقت اور حالات کا تقاضہ ہے ورنہ یہ دہشت گردی کراچی کو بھی سوات اور قبائلی علاقوں میں تبدیل کردے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم طالبانائزیشن اور سفاک یزیدی دہشت گردوں کے مذموم عزائم کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے اور ان کے مذموم عزائم کو ایم کیوایم عوام کے تعاون سے ناکام بنادے گی۔انہوں نے بم دھماکوں میں شہید ہونے والے عزاداران حسین، ایم کیوایم کے کارکنان اور مسیحی برادری کے سوگوار افراد سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بم دھماکوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے، دہشت گرد جن عناصر کی پناہ میں موجود ہیں انہیں بھی دہشت گرد سمجھا جائے اور بم دھماکوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## شعیب بخاری اور دیگر کی شاہراہ فیصل نرسری بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے اجتماعی سوئم میں شرکت

کراچی۔۔۔7، فروری 2010

سانحہ شہدائے کربلا کے چہلم پر شاہراہ فیصل نرسری بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کا اجتماعی سوئم امام بارگاہ حسینہ سفارتخانہ ملیر سعود آباد میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب بخاری اور حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ساجد احمد، وسیم احمد، ملیر ٹاؤن ناظم، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین اور دیگر ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی اور سانحہ میں شہید ہونیوالے عزاداران حسین کی مغفرت، بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر سید شعیب احمد بخاری نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت فردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار لواحقین کو اس پرآشوب سانحہ پر صبر وجمیل عطا کرے۔

## زونل کمیٹی کی وفاقی سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی نجیب اللہ ملک کے خسر کے انتقال پر رہائشگاہ جاکر تعزیت

لاہور۔۔۔7،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے جوائنٹ زونل انچارج مبین الدین اور لاہور زونل کمیٹی کے اراکین نے وفاقی سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی نجیب اللہ ملک کے خسر لیفٹیننٹ جنرل (ر) مجیب الرحمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆